AQF / Faizl

30-01-2026

08.30 Hrs

HL-Opening

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں .................................. نتیکا تیاگی

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ اقتصادی جائزے سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ بھارت کی تیز رفتار اصلاحات کا عمل، عالمی چیلنجوں کے باوجود صحیح راستے پر گامزن ہے۔

2- سال 2025 کے عالمی اختراعی اشاریے میں بھارت 38 ویں پوزیشن پر آگیا ہے، جبکہ 2019 میں یہ 66 ویں مقام پر تھا۔

3- عالمی بینک کے صدر اجے بنگا نے یہ اعتماد ظاہر کیا ہے کہ بھارت اقتصادی جائزے کے اندازے کے مطابق شرح ترقی حاصل کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

4- دلّی سرکار نے قومی راجدھانی میں، جمنا پار خطّے کی ترقی کیلئے 728 کروڑ روپے مالیت کی اسکیموں کو منظوری دی ہے۔

5- یوروپی یونین نے، ایران کے پاسدارانِ انقلابِ اسلامی کو دہشت گرد گروپ قرار دیا ہے۔

6- اور تھائی لینڈ ماسٹرز بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں، بھارت کی اشیا رانی بروا دوسرے نمبر کی کھلاڑی جنوبی کوریا کی Sung Shuo Yun کو ہرا کر خواتین سنگلز کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM-ECONOMIC SURVEY

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ اقتصادی جائزے سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ بھارت کی تیز رفتار اصلاحات کا عمل، عالمی چیلنجوں کے باوجود صحیح راستے پر گامزن ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ پارلیمنٹ میں کل جو اقتصادی جائزہ پیش کیا گیا ہے، اُس میں یہ دکھایا گیا ہے کہ بھارت کا تیز رفتار اصلاحات کا عمل کس طرح تسلسل اور بامقصد طریقے سے آگے بڑھ رہا ہے۔

وزیر اعظم نے کہا کہ مذکورہ جائزے سے بھارت کی اقتصادی بنیاد کی قوت اور نشو و نما، اختراع اور سب کی شمولیت

والی ترقی کی خاطر سرکار کی مسلسل کوششوں کی عکاسی ہوتی ہے۔ جناب مودی نے زور دے کر کہا کہ گزشتہ برسوں میں کی گئی لگاتار اصلاحات سے معیشت کو مستحکم بنانے نیز سرمایہ کاروں، کاروباری افراد اور شہریوں میں اعتماد بڑھانے میں مدد ملی ہے۔ وزیر اعظم نے یہ بھی کہا کہ اس سے مضبوط میکرو اقتصادی عوامل، پائیدار ترقی کی رفتار اور ملک کی تعمیر میں اختراع، کاروبار اور بنیادی ڈھانچے کا بڑھتا ہوا رول اُجاگر ہوتا ہے۔×

## ECONOMIC SURVEY

مالی سال 2026 میں، ملک کی حقیقی GDP کی شرح ترقی 7 اعشاریہ 4 فیصد رہنے کا اندازہ لگایا گیا ہے، جبکہ مالی سال 2027 میں، یہ شرح 6 اعشاریہ 8 فیصد سے لیکر7 اعشاریہ 2 فیصد کے درمیان رہنے کی امید ہے۔ مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے پارلیمنٹ میں کل جو اقتصادی جائزہ پیش کیا ہے، اُس میں یہ بات کہی گئی ہے۔ اِدھر اعلیٰ اقتصادی مشیر اننت ناگیشورن نے اقتصادی جائزے کے بارے میں میڈیا کو جانکاری دیتے ہوئے کہا کہ مالی سال 2025 میں حقیقی GDP کی شرح ترقی ساڑھے 6 فیصد رہی تھی، جبکہ اس سال اس کے 7 اعشاریہ 4 فیصد رہنے کا اندازہ لگایا گیا ہے۔ ×

## INNOVATION INDEX-INDIA

گزشتہ چند برسوں کے دوران بھارت کے اختراعی ایکو نظام میں لگاتار اچھی پیشرفت ہوئی ہے اور ملک 2025 کے عالمی اختراعی اشاریے میں 38 ویں پوزیشن پر آ گیا، جبکہ سال 2019 میں 66 ویں مقام پر تھا۔ یہ جانکاری اقتصادی جائزے میں دی گئی ہے۔ مذکورہ جائزے میں اس بات کو اُجاگر کیا گیا ہے کہ مینوفیکچرنگ، تحقیق، اسٹارٹ اَپس اور ٹکنالوجی کے شعبوں میں سرکار کے اقدامات سے کس طرح بھارت کو اختراعی اور صنعتی فروغ کے بڑھتے ہوئے عالمی مرکز کے طور پر اُبھرنے میں مدد ملی ہے۔ بھارت دانشورانہ املاک کے شعبے میں بھی سرکردہ رول ادا کرنے والا ملک بن گیا ہے۔ سال 2024 میں عالمی سطح پر بھارت ٹریڈ مارک Filings میں چوتھے مقام پر، Patents میں چھٹی پوزیشن پر اور صنعتی ڈیزائن کے شعبے میں ساتویں مقام پر رہا۔

## WORLD BANK PRESIDENT

عالمی بینک کے صدر اَجے بنگا نے کہا ہے کہ بھارت نے دکھایا ہے کہ وہ شاندار شرح ترقی حاصل کرسکتا ہے۔ بھونیشور میں میڈیا نمائندوں سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بھارت یقینی طور سے اقتصادی جائزے میں تخمینہ شدہ شرح ترقی حاصل کرلے گا۔ جناب بنگا نے کہا کہ بھارت میں گزشتہ 10 سال میں بنیادی ڈھانچے میں ہونے والی سرمایہ کاری کی سطح، نمایاں طور سے قابل ستائش ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سال 2047 تک وِکست بھارت کے ہدف کو حاصل کرنے کیلئے لوگوں کو ہنرمند بنانا اہمیت کا حامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہر سال ایک کروڑ 20 لاکھ نوجوان ملازمت کیلئے تیار ہورہے ہیں

اور اگر انہیں ضروری ہنر سکھائے جائیں تو انہیں شہر، ریاست، گاؤں، قصبوں اور بیرون ملک کام کرنے کا موقع مل سکتا ہے۔
جناب بنگا نے کل بھونیشور میں مرکزی Tool Room اور تربیتی مرکز CTTC کا دورہ کیا۔×

**IMF INDIA-EU FTA**

بین الاقوامی مالی فنڈ IMF نے بھارت اور یوروپی یونین کے درمیان آزادانہ تجارت کے سمجھوتے کو ایک مثبت واقعہ قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ اس سے بڑھتی ہوئی عالمی تجارت کی کشیدگی اور غیر یقینی کے تناظر میں اقتصادی رابطوں کو مضبوط بنانے کی متعلقہ ملکوں کی کوششوں کی عکاسی ہوتی ہے۔ بین الاقوامی مالی فنڈ کے اقتصادی صلاح کار اور ڈائریکٹر آف ریسرچ Pierre Ollivier Gourinchas نے اُبھرتی ہوئی مارکیٹ معیشتوں کے بارے میں ایک بریفنگ کے دوران سوالوں کا جواب دیتے ہوئے یہ بات کہی۔×

**BREAK**

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**DELHI-TRANS YAMUNA DEVLOPMENT**

دلّی سرکار نے قومی راجدھانی کے جمنا پار خطّے میں ترقی کی رفتار موٴثر انداز سے بڑھانے کی خاطر 728 کروڑ روپے مالیت کی اسکیموں کو منظوری دی ہے۔ دلّی کی وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا نے جمنا پار سے متعلق علاقائی ترقیاتی بورڈ کی میٹنگ کے دوران یہ رقومات مختص کرنے کا اعلان کیا۔ محترمہ گپتا نے کہا کہ دلّی سرکار شہریوں کی بنیادی ضروریات کو ترجیح دے رہی ہے، جس میں سڑکیں، پانی کی نکاسی کا نظام، پانی جمع ہو جانے کے مسئلے سے نمٹنا اور محفوظ ٹرانسپورٹیشن کو یقینی بنانا شامل ہے۔×

**AMIT SHAH-ASSAM VISIT**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آسام کے دو دن کے دورے پر کل رات ڈبروگڑھ پہنچے۔ وہ ضلع میں ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھیں گے اور افتتاح کریں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V/C - Aminul**

*جناب امت شاہ ڈبروگڑھ میں، آسام آسمبلی کے دوسرے کامپلیکس، **MLA** ہوسٹل اور جنگلی جانوروں سے متعلق صحت اور تحقیق کے ادارے کا سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ وزیر داخلہ ڈبروگڑھ میں ہی ایک جدید طرز کے اسٹیڈیم کے پہلے مرحلے کا افتتاح کریں گے، جس میں 35 ہزار لوگوں کے بیٹھنے کی*

گنجائش ہے۔ ساتھ ہی وہ اسٹیڈیم کے دوسرے مرحلے کا سنگِ بنیاد بھی رکھیں گے۔ جناب امت شاہ پڑوس کے دھیماجی ضلع میں بھی جائیں گے، جہاں وہ یوتھ فیسٹیول میں شرکت کریں گے۔ بعد میں وہ گوہاٹی میں ریاستی BJP ہیڈکوارٹرس میں پارٹی ارکان کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ جناب امت شاہ آسام کے اپنے دورے کے بعد آج شام مغربی بنگال روانہ ہو جائیں گے۔

امین الجوادر کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ......

**PRAGATI SPECIAL STORY**

سرگرم حکمرانی اور بروقت نفاذ کیلئے وزیر اعظم کے اہم پلیٹ فارم PRAGATI نے اپنی 50 ویں میٹنگ کے کامیاب انعقاد کے ساتھ ایک اہم سنگِ میل طے کیا ہے۔ 2015 میں وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے اِسے شروع کیے جانے کے بعد سے PRAGATI نے بروقت قریبی نظر رکھ کر، اہم بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں پر عمل درآمد کر کے اور وزیر اعظم کی طرف سے براہِ راست جائزے کے تحت عوامی شکایات کو دور کرنے کا اہل بناکر حکمرانی کو یکسر تبدیل کیا ہے۔ یہ پلیٹ فارم امدادِ باہمی پر مبنی وفاقیت کی نظیر پیش کرتا ہے اور ایک سنگل ڈیجیٹل انٹرفیس پر مرکز، ریاستوں اور مرکزی وزارتوں کو یکجا کرتا ہے۔ پچھلی ایک دہائی میں PRAGATI نے تیز فیصلے کرنے اور مسائل کو حل کرنے میں مدد دی ہے، جو اہم بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں میں تاخیر کا سبب بنتے ہیں اور جوابدہی کے ایک مضبوط کلچر کو فروغ دیتا ہے۔ آج اِس خصوصی سیریز میں ہم پرگتی میکانزم کے زیرِ نگرانی جل شکتی کی وزارت کے تحت چلنے والے پروجیکٹوں کا جائزہ لے رہے ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ V/C - Suparna / Anand

جل شکتی کی وزارت آبی وسائل کے بندوبست، پینے کے پانی کی فراہمی، صفائی ستھرائی اور دریاؤں کے احیاء سے متعلق پالیسیاں، پروگرام اور پروجیکٹوں کو وضع کرتی ہے اور اُن کا نفاذ کرتی ہے۔ سردست، آبی وسائل، دریا کی ترقی اور دریائے گنگا کے احیاء کے محکمے سے متعلق 93 ایسے پروجیکٹ ہیں، جو پروجیکٹ نگرانی گروپ PMG پورٹل پر زیرِ نگرانی ہیں۔ اِن پروجیکٹوں کی مالیت 2 لاکھ 86 ہزار 343 کروڑ روپے ہے۔ اِن پروجیکٹوں میں، 66 پروجیکٹ سینچائی اور 26 پروجیکٹ گندے پانی کو اکٹھا کرنے، اس کی صفائی کرنے اور پھر فراہمی کرنے سے متعلق ہیں۔ PMG پورٹل کے زیرِ نگرانی سینچائی کے 66 پروجیکٹوں میں سے 43 ہزار 583 کروڑ روپے کی مالیت والے 10 ترجیحی پروجیکٹوں کا وزیراعظم کی جانب سے پرگتی میکانزم کے تحت جائزہ لیا جا چکا ہے۔

اِن میں سے، ایک پروجیکٹ کا نفاذ ہوچکا ہے، جبکہ 9 پروجیکٹوں کا نفاذ ابھی ہونا ہے۔ سینچائی کے پروجیکٹوں میں نمایاں پیشرفت ہوئی ہے اور یہ اوسطاً 70 فیصد سے زیادہ ہے، جبکہ دو پروجیکٹوں

میں 95 فیصد سے زیادہ پیشرفت ہوئی ہے۔ سینچائی کے 27 پروجیکٹوں میں کُل 126 مسائل پیش آئے۔ ان میں سے 106 مسئلوں کا تدارک ہوچکا ہے۔ باقی ماندہ 20 مسئلوں کا پرگتی میکانزم کے تحت فعال طور سے جائزہ لیا جارہا ہے۔

دلّی سے سُپرنا Saikia کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیے میں......

**EU-IRGC**

یوروپی یونین نے، ایران کے پاسدارانِ انقلابِ اسلامی کو دہشت گرد گروپ قرار دیا ہے۔ ایران میں، ملک گیر احتجاج اور مظاہروں کے خلاف وہاں کی سرکار کی کارروائی کے تناظر میں یہ قدم اُٹھایا گیا ہے۔ یوروپی یونین کی خارجہ پالیسی کی سربراہ Kaya Kallas نے کہا ہے کہ وزراء خارجہ نے اس قدم کو اتفاقِ رائے سے منظوری دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئی بھی سرکار جو اپنے ہی ہزاروں لوگوں کو موت کے گھاٹ اُتار رہی ہے، وہ خود اپنے زوال کی سمت قدم بڑھا رہی ہے۔ محترمہ Kaya Kallas نے کہا کہ ایسا کر کے وہ القاعدہ، حماس اور داعش کے ساتھ کھڑی نظر آتی ہے۔

27 ملکوں پر مشتمل یوروپی یونین نے پاسدارانِ انقلاب کے اعلیٰ کمانڈروں سمیت ایران کے 15 عہدیداروں پر پابندی بھی عائد کی ہے۔ مظاہرین کے خلاف پُر تشدد کارروائی کی پاداش میں ایسا کیا گیا ہے۔×

**BANGLA AMNESTY INTL**

انسانی حقوق کی تنظیم Amensty انٹرنیشنل کی سکریٹری جنرل Agnes Callamard نے بنگلہ دیش کی عبوری حکومت کے چیف ایڈوائزر محمد یونس کو ایک خط لکھ کر سخت تشویش کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ بنگلہ دیش کے حکام، مسلسل انسداد دہشت گردی قوانین کا صحافیوں کے خلاف غلط استعمال کررہے ہیں اور زندگی کے حقوق، ذاتی سلامتی اور اظہار رائے کی آزادی کے تحفظ میں ناکام رہے ہیں۔ اپنے خط میں انہوں نے عبوری حکومت سے اپیل کی ہے کہ وہ 12 فروری کو ہونے والے بنگلہ دیش کے انتخابات میں انسانی حقوق کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلیے فوری اقدامات کریں۔×

**MARTYR'S DAY**

آج مہاتما گاندھی کو اُن کی 78 ویں برسی اور شہید دِوس پر خراجِ عقیدت پیش کیا جا رہا ہے۔ اس موقعے پر نئی دلّی میں، راج گھاٹ پر واقع گاندھی سمادھی پر Sarv Dharm Prarthana کا اہتمام کیا گیا ہے۔ ہر سال 30 جنوری کو ملک مہاتما گاندھی کی زندگی اور اُن کی وراثت کو خراجِ تحسین پیش کرتا ہے، جو ملک کی جدوجہدِ آزادی میں پیش پیش تھے۔ یہ دن شہید دِوس کے طور پر بھی منایا جاتا ہے، تاکہ اُن سبھی مجاہدین آزادی اور شہیدوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا جا سکے،

جنہوں نے بھارت کی آزادی اور اتحاد کی خاطر اپنی جان کا نذرانہ پیش کر دیا تھا۔×

**THAILAND MASTERS BADMINTON**

تھائی لینڈ ماسٹرز بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں، بھارت کی ایشا رانی بروا دوسرے نمبر کی کھلاڑی جنوبی کوریا کی Sung Shuo Yun کو ہرا کر خواتین سنگلز کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ پری کوارٹر فائنل میں، عالمی نمبر 48 ایشا رانی نے عمدہ کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے 34 ویں نمبر کی جنوبی کوریا کی کھلاڑی کو سخت مقابلے کے بعد اکیس-تیرہ، چودہ-اکیس اور اکیس-چودہ سے ہرا دیا۔ ×

**CRICKET-WPL**

خواتین کے پریمیئر لیگ کرکٹ میں، کل رات گجرات میں Kotambi میں وڈودرا بین الاقوامی کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلے گئے مقابلے میں، رائل چیلنجرس بنگلورو نے UP واریئرس کو 8 وکٹ سے شکست دی۔ UP واریئرس کی طرف سے دیے گئے 144 رن کے نشانے کا پیچھا کرتے ہوئے، رائل چیلنجرس بنگلورو کی ٹیم محض 13 اوورس اور ایک گیند میں 2 وکٹ کے نقصان پر 147 رن بنا لیے۔ اس سے قبل، پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے، UP واریئرس نے مقررہ اوورس میں 8 وکٹ کے نقصان پر 143 رن بنائے۔

Grace Harris پلیئر آف دا میچ رہیں۔ گجرات میں Kotambi میں وڈودرا بین الاقوامی کرکٹ اسٹیڈیم میں، آج ممبئی انڈینس اور گجرات جائنٹس کے درمیان مقابلہ ہوگا۔ یہ میچ شام 7 بجکر 30 منٹ پر شروع ہوگا۔×

**IMD-WEATHER**

بھارتی موسمیات محکمے نے دلّی، پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ اور اترپردیش میں کہیں گہرا اور کہیں بہت زیادہ گہرا کہرا چھائے رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ دلّی، پنجاب، ہریانہ اور چنڈی گڑھ کے بعض حصوں میں آج موسم سرد رہے گا۔ موسمیات محکمے کے مطابق بہار، چھتیس گڑھ، ہماچل پردیش، اُڈیشہ اور راجستھان میں بھی گہرا کہرا چھائے رہنے کا امکان ہے۔ ×

**BJP NITIN NABIN GOA**

بھارتی جنتا پارٹی BJP کے قومی صدر نتن نبین آج سے گوا کے دو روزہ دورے پر ہوں گے۔ اپنے دورے کے دوران وہ تنظیم سطح کی متعدد میٹنگوں کی صدارت کریں گے اور مختلف انتخابی حلقوں میں پارٹی کے بوتھ سطح کے کارکنان سے بات

چیت کریں گے۔ ان کا یہ دورہ گوا میں BJP کی بوتھ سطح کی تنظیم کو مزید مضبوط بنانے میں اہم رول ادا کرے گا۔×

**NITI AAYOG-MARITIME**

نیتی آیوگ نے کل نئی دلّی میں ریاستی بحری بورڈس، بندرگاہ آپریٹروں اور مرکزی وزارتوں کے ساتھ ایک مشاورتی میٹنگ منعقد کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، نیتی آیوگ نے بتایا کہ میٹنگ میں کلیدی اُمور اور چھوٹی بندرگاہوں کو پیش آنے والے چیلنجوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ نیز ملک کی بندرگاہوں پر مبنی ترقیاتی فریم ورک میں ان کے رول کو مستحکم کرنے کیلئے پالیسی اور ادارہ جاتی اصلاحات کے امکانات تلاش کئے گئے۔

پوسٹ میں مزید بتایا گیا ہے کہ ان مذاکرات میں بنیادی ڈھانچے کی ترقی اور کثیر ذرائع، کنکٹی وِٹی کی اسٹریٹجک اہمیت اور Digitalisation نیز ضابطوں میں بہتری کے ذریعے کام کاج کے عمل میں بہتری لانے پر توجہ مرکوز کی گئی۔ اس کے علاوہ، چھوٹی بندرگاہوں کی کارکردگی اور مقابلہ جاتی صلاحیت کو بڑھانے کیلئے ضروری سرمایہ کاری اور حکمرانی سے متعلق اصلاحات پر بھی غور وفکر کیا گیا۔×

**WB-OBSERVERS**

مغربی بنگال سرکار نے انتخابی کمیشن سے درخواست کی ہے کہ وہ پانچ ریاستوں میں ہونے والے اسمبلی انتخابات کیلئے مشاہدین کے طور پر ریاست کے داخلہ سکریٹری جگدیش پرساد مینا سمیت پندرہ IAS افسروں کو مقرر کرنے کے اپنے فیصلے پر پھر سے غور کرے۔ انتظامی ذرائع کے مطابق مغربی بنگال سرکار نے 9 افسروں کے متبادل نام تجویز کیے ہیں۔ چناؤ کمیشن نے اپنے طور پر اِن افسروں کا انتخاب کیا تھا، کیونکہ 5 مرتبہ درخواست کرنے کے باوجود ریاستی سرکار افسروں کے ناموں کی فہرست فراہم کرنے میں ناکام رہی تھی۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... کلیم احمد

شکریہ - نتیکا تیاگی

دلّی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ روزنامہ انقلاب نے اقتصادی جائزے سے متعلق خبر کو نمایاں کیا ہے۔ اخبار کی سرخی ہے: وزیرخزانہ نرملا سیتارمن نے مرکزی بجٹ سے

پہلے اقتصادی سروے پیش کیا۔ عالمی صورتحال چیلنجنگ، مگر اقتصادی ترقی کی رفتار مضبوط رہنے کا امکان، وزیراعظم نے کہا کہ اگلے 25 سال وِکست بھارت کے ہوں گے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے مصنوعی ذہانت کے سلسلے میں دیئے گئے وزیراعظم کے اس بیان کو نمایاں کیا ہے، جس میں انہوں نے کہا ہے کہ AI کے اخلاقی استعمال پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہونا چاہیئے۔ اخبار کی ایک اور اہم سرخی ہے: مساوات سے متعلق UGC کے نئے ضوابط پر عدالت عظمیٰ کی روک۔ حکومت کا 2030 تک سوفیصد اسکول داخلہ کا ہدف، یہ سرخی ہے روزنامہ پرتاپ کی، حکومت نے NEP کے تحت تعلیم میں وسیع اصلاحات کرتے ہوئے سال 2030 تک اسکولوں میں سوفیصد داخلے کا ہدف مقرر کیا ہے۔

بین الاقوامی سرخیاں اس طرح ہیں:

☆ برطانوی وزیراعظم کیر اسٹارمر کی چین کے صدر سے ملاقات۔

☆ عراق میں وزارت عظمیٰ کے اہم امیدوار نوری المالکی نے حکومت سازی میں امریکی مداخلت مسترد کردی۔

☆ کولمبیا میں طیارہ گر کر تباہ، 15 افراد ہلاک۔

☆ پرتگال، تباہ کُن طوفان کی زَد میں، پانچ افراد ہلاک، لاکھوں افراد بجلی سے محروم۔×

## آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ اقتصادی جائزے سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ بھارت کی تیز رفتار اصلاحات کا عمل، عالمی چیلنجوں کے باوجود صحیح راستے پر گامزن ہے۔

2- سال 2025 کے عالمی اختراعی اشاریے میں بھارت 38 ویں پوزیشن پر آگیا ہے، جبکہ 2019 میں یہ 66 ویں مقام پر تھا۔

3- عالمی بینک کے صدر اجے بنگا نے یہ اعتماد ظاہر کیا ہے کہ بھارت اقتصادی جائزے کے اندازے کے مطابق شرح ترقی حاصل کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

4- دلّی سرکار نے قومی راجدھانی میں، جمنا پار خطّے کی ترقی کیلئے 728 کروڑ روپے مالیت کی اسکیموں کو منظوری دی ہے۔

5- یوروپی یونین نے، ایران کے پاسدارانِ انقلابِ اسلامی کو دہشت گرد گروپ قرار دیا ہے۔

6- اور تھائی لینڈ ماسٹرز بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں، بھارت کی اِشا رانی بروا دوسرے نمبر کی کھلاڑی جنوبی کوریا کی Sung Shuo Yun کو ہرا کر خواتین سنگلز کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---